شعبہ ترجمہ، وزارتِ قانون وانصاف اسلام آباد۔

# کارکنان کے بچوں (کی تعلیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲ء

## فہرست


| نمبر شمار | مندرجات |
|---|---|
| 1 | مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ |
| 2 | تعریفات |
| 3 | تعلیمی محصول عائد کرنا |
| 4 | کارکنان کے بچوں کی تعلیم |
| 5 | مخصوص محصول عائد کرنے کا طریقہ |
| 5A. | محصول کی وصولی اور انتظام |
| 6 | قواعد وضع کرنے کا اختیار |

# ۱ کارکنان کے بچوں (کی تعلیم) آرڈیننس،۱۹۷۲ء

## (۱۱ بابت ۱۹۷۲ء)

[۱۳/اپریل،۱۹۷۲ء]

کارکنان کے بچوں کی تعلیم اوراس کے ضمنی معاملات کا بندوبست کرنے کے لیے آرڈیننس۔

ہرگاہ کہ یہ ضروری ہے کہ کارکنان کے بچوں کی تعلیم اوراس کے ضمنی معاملات کے لیے بندوبست کیا جائے۔

اور جب کہ پاکستان کے معاشی اور مالی استحکام کے حوالے سے قومی مفاد اور یکسانیت کا حصول قانون سازی کا تقاضا کرتے ہیں؛

لہٰذا،۲۰/دسمبر،۱۹۷۱ء کے اعلامیے اور عبوری آئینی حکم کے ساتھ پڑھے جانے والے ۲۵/مارچ،۱۹۶۹ء کے اعلامیے کی تعمیل میں اوراس سلسلہ میں مجاز بنانے والے تمام اختیارات استعمال کرتے ہوئے،صدر مملکت نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اورآغازنفاذ۔** (۱) یہ آرڈیننس، کارکنان کے بچوں (کی تعلیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲ء کہلائے گا۔

(۲) یہ کل پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) اس کا نفاذ فی الفور ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔** جب تک کہ موضوع یا سیاق وسباق میں اس کے منافی کچھ درج نہ ہو،اس آرڈیننس میں۔

(الف) ’’آجر‘‘ سے کسی ادارے کے حوالے سے ایسا شخص جو اس ادارے کے امور پر حتمی کنٹرول رکھتا ہو، مراد ہے؛

---

۱۔ آرڈیننس صوبہ کے زیرانتظام قبائلی علاقہ جات یا ان علاقہ جات کے حصوں میں جہاں پہلے اس کا اطلاق نہ تھا، نافذ کیا گیا، دیکھئے ضابطہ نمبر ۱ بابت ۱۹۷۲ء، سیکشن ۲، اور شیڈول۔

[۱](ب) ''ادارہ'' سے مراد کوئی دفتر، فرم، صنعتی یونٹ، جائے کار، دکان، یا احاطہ ہے جس میں کسی کاروبار، تجارت، صنعت کاری، معاش، خدمت، ملازمت یا پیشے کو جاری رکھنے کے لیے کارکنان کو ملازمت دی جاتی ہے؛]

(ج) ''کارکن'' سے مراد کوئی اجیر شخص، خواہ بلاواسطہ یا کسی دوسرے شخص کے توسط سے، کسی ادارے میں ہنرمندی یا غیر ہنرمندی کا کام کرنے کے لیے، عام یا کلرک کا کام اجرت یا صلے کے لیے کرتا ہے جس کی ماہانہ مزدوری [۲][۳[ تین ہزار] روپے] سے زائد نہ ہو،

(اوّل) حکومت کے ملازم اشخاص بشمول مسلح افواج، پولیس فورس، ریلوے ملازمین کے ملازمین؛

(دوم) اشخاص جو کسی دفاعی تنظیم یا ریلوے انتظامیہ کے زیر کنٹرول کسی ادارے میں ملازمت کرتے ہیں؛

(سوم) اشخاص جو کسی مقامی کونسل، میونسپل کمیٹی، کنٹونمنٹ بورڈ یا کسی دیگر مقامی اتھارٹی میں ملازمت کرتے ہیں[۴[:]

[۵[ تاہم ایک کارکن اس وجہ سے کارکن ہونے سے دستبردار نہیں ہوگا کہ اس کی مزدوری تیس ہزار سے تجاوز کر گئی ہے یا ادارہ میں ملازم اشخاص کی تعداد، کسی بھی وقت دس سے کم ہوگی ہے۔]

[۶[۳۔ **تعلیمی محصول عائد کرنا۔** (۱) ایسے ادارے کا ہر آجر جس میں سال کے دوران کسی بھی وقت کارکنان کی تعداد [۲[ دس] یا زائد ہے، صوبائی حکومت کو ایک سو روپے فی کارکن سالانہ کی شرح سے تعلیمی محصول ادا کرے گا۔

---

۱۔ بذریعہ کارکنان کے بچوں (کی تعلیم) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۷۳ء (۲۴ بابت ۱۹۷۳ء) کی دفعہ ۲ کی رو سے شق (ب) کو تبدیل کیا گیا۔

۲۔ کارکنان کے بچوں (کی تعلیم) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵ء (ایکٹ ۱۶ بابت ۱۹۸۵ء) کی دفعہ ۲ اور جدول کی رو سے تبدیل اور شامل کیا گیا۔

۳۔ قوانین مزدوران (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ء (۱۱ بابت ۱۹۹۴ء)، کی دفعہ ۷ اور جدول کی IV کی رو سے ''ایک ہزار پانچ سو'' کے لیے تبدیل کیا گیا۔

۴۔ قوانین مزدوران (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ء (۱۱ بابت ۱۹۹۴ء)، کی دفعہ ۷ کی رو سے ''ختمہ'' کے لیے تبدیل کیا گیا۔

۵۔ بحوالہ عین ماقبل کی رو سے فقرہ شرطیہ کے رو سے اضافہ کیا گیا۔

۶۔ ایکٹ نمبر ۲۴ بابت ۱۹۷۳ء کی دفعہ ۳ کی رو سے دفعات ۳، ۴ اور ۵ کو تبدیل کیا گیا۔

(۲) ہر آجر، کارکنان کے بچے (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۷۳ء کے نفاذ کے بعد اگلے تقویمی ماہ کی یکم تاریخ سے شروع ہونے والے ہر تین ماہ کے اندر، گزشتہ ماہ کے دوران ادارے میں ملازمین کی تعداد ظاہر کرنے والا گوشوارہ تیار کرے گا اور صوبائی حکومت کی تجویز کردہ شکل میں اور افسر کو ارسال کرے گا یا تیار کروائے گا اور ارسال کروائے گا اور اس کے زیریں حاشیے میں گوشوارے کی صداقت کا اقرارنامہ لگائے گا۔

(۳) تعلیمی محصول ذیلی (۲) سیکشن میں حوالہ دیے گئے گوشوارے میں ظاہر کردہ کارکنان کی تعداد کی بنیاد پر ہوگا۔

۴۔ **کارکنان کے بچوں کی تعلیم۔** صوبائی حکومت سیکشن ۳ میں بیان کیے گئے ادارے میں ملازم ہر کارکن کے [۱][دو بچوں کو کسی بھی سطح کی تعلیم] مفت فراہم کرے گی۔

وضاحت۔ مفت تعلیم، میں نصابی کتب کی مفت فراہمی اور داخلہ فیس، ٹیوشن فیس، امتحانی فیس اور سکول فنڈ کی معافی شامل ہے۔

۵۔ **مخصوص محصول عائد کرنے کا طریقہ۔** سیکشن ۳ میں بیان کیا گیا محصول، جہاں تک ہو سکے اور اسی طرح سے قانون کی انہی دفعات کے تحت مالیہ اراضی کی طرح عائد کیا جائے گا[۲][:]

[۳][تاہم محصول کی رقم علیحدہ اکاؤنٹ میں رکھی جائے گی اور صرف اس آرڈیننس کے مقاصد کے لیے خرچ کی جائے گی۔]

[۴][۵۔الف۔ **محصول کی وصولی اور انتظام۔** دفعہ ۳ میں بیان کیا گیا محصول اکٹھا کرنا اور اس کا انتظام سماجی تحفظ کے ادارے یا ایسی دیگر ایجنسی جو کہ صوبائی حکومت کی جانب سے نامزد کی گئی ہو، کے سپرد کیا جائے گا۔

۶۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار۔** صوبائی حکومت سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقاصد کے حصول کے لیے قواعد وضع کر سکتی ہے۔]

---

۱۔ قوانین مزدوران (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ء (۱۱ بابت ۱۹۹۴ء)، کی دفعہ ۷ اور جدول کی چہارم کی رو سے بعض الفاظ کو تبدیل کیا گیا جنہیں پہلے ایکٹ ۱۶ بابت ۱۹۸۵ء کی دفعہ ۲ اور جدول کی رو سے شامل کیا گیا تھا۔

۲۔ قوانین مزدوران (ترمیمی) ایکٹ، ۱۹۷۵ء (۱۱ بابت ۱۹۷۵ء)، کی دفعہ ۲ اور جدول کی رو سے وقف کامل کی جگہ تبدیل کیا گیا۔

۳۔ قوانین مزدوران (ترمیمی) ایکٹ، ۱۹۷۵ء (۱۱ بابت ۱۹۷۵ء)، کی رو سے فقرہ شرطیہ کا اضافہ کیا گیا۔

۴۔ قوانین مزدوران (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ء (۱۱ بابت ۱۹۹۴ء)، کی دفعہ ۷ اور جدول کی رو سے نئی دفعہ ۵ الف کا اضافہ کیا گیا۔